سوال

(610) امہات المؤمنین کا خواب بطور اصلاح دیدار ہونا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنہا وامہات المؤمنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا میں سے کسی کا کسی امتی کو بطور دینی اصلاح کے خواب میں زیارت ہو سکتی ہے یا نہیں ؟ جیسا کہ حافظ عبد المنان وزیر آبادی مرحوم کے متعلق واعظین لوگ بیان کرتے ہیں کہ انہیں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ذات ہوئی تھی بریلوی حضرات اعتراض کرتے ہیں کہ یہ چیز ازواج مطہرات کے تقدس اور بزرگی کے خلاف ہے آپ واضح فرمائیں کہ حافظ صاحب مرحوم کے متعلق یہ واقعہ صحیح ہے یا نہیں یا عقلاً نقلاً اس طرح کا واقعہ پیش آسکتا ہے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی بھی امتی کو بحالت خواب ازواج مطہرات سے شرف ملاقات میسر آجانا کوئی بعید بات یا تقدس کے منافی نہیں بلکہ اس میں رائی کے جنتی ہونے کی بشارت کا پہلو غالب ہوتا ہے جو کہ ہر مسلم کی تمنا ہے ان کی زیارت نصیب ہونا نا ممکنات سے نہیں بلکہ ممکن ہے جب خواب میں ذات باری تعالیٰ کی رؤیت ممکن ہے تو مخلوق کی رؤیت کیسے نا ممکن ہو سکتی ہے ؟

اور حضرت حافظ صاحب کی زیارت کا واقعہ بفرض صحت ظاہر ہے ملاقات بدون رؤیت ہوگی کیونکہ موصوف رحمۃ اللہ علیہ نابینے تھے بصورت دیگر حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا (محجبۃ) ہوں گی ۔ قرآن میں ہے

فَسـَٔلوهُنَّ مِن وَراءِ حِجابٍ ٥٣ ... سورة الاحزاب

ویسے بھی مرتبہ امومت پر فائزہ سے شرف ملاقات عظیم سعادت کی نشاندہی کرتا ہے قرآن میں ہے ۔

وَأَزْوَاجُهُ أُمَّهَاتُهُمْ نیز بعض دفعہ خواب میں مرئی حسی شے کے بجائے معنوی بھی مراد ہو سکتی ہے جس سے اقرب الی الصواب نتیجہ اخذ کرنا بتوفیق الٰہی ماہر معبر کا کام ہوتا ہے تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو کتاب : (تعطیر الانام لعبد الغنی نابلسی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص883